تبصرہ کتب

ہیں تلخ بہت بندہ مزدور کے اوقات

از محی الدین ایوبی۔ اتحاد پبلیکیشنز کراچی۔

قیمت :۔........... ۵ روپے

اس کتابچہ میں سوشلزم اور سوشلسٹوں کی پُرزور مذمت کی گئی ہے۔ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے سوشلسٹوں کے خلاف انہوں نے جو کچھ لکھا ہے وہ بڑی حد تک صحیح ہے لیکن بعض دیگر ممالک بالخصوص چین میں سوشلزم کا جو تجربہ کیا گیا ہے اس کی روشنی میں محی الدین ایوبی صاحب کا تجزیہ صحیح معلوم نہیں ہوتا۔ چین اور روس نے سوشلزم کے تحت جو ترقی کی ہے اس سے انکار کرنا مشکل ہے۔ البتہ یہ اور بات ہے کہ سوشلزم اپنے ساتھ کچھ خرابیاں بھی لاتا ہے مثلاً وہ فرد کی آزادی کو بالکل سلب کر لیتا ہے اور انسانی ذہن کو مفلوج بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ محی الدین ایوبی نے سوشلزم کے اس پہلو کی طرف اشارات بھی کئے ہیں۔ آخر میں انہوں نے اسلامی نظام اور بالخصوص خلافت راشدہ کی برکات کا تذکرہ کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ خلفائے راشدین نے جو نظام قائم کیا تھا وہ سوشلزم سے بہتر اور زیادہ ارفع و اعلیٰ تھا مگر عہد جدید میں اس نظام کا احیار کس طرح کیا جائے اس پر مصنف نے کوئی روشنی نہیں ڈالی اور نہ ان مشکلات کا کوئی ذکر کیا ہے جو اس راہ میں پاکستانی مسلمانوں کو درپیش ہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ مصنف زمانہ حال کی مناسبت سے اسلامی نظام کا ایک واضح خاکہ پیش کرتے۔

محمد مظہر الدین صدیقی

****